## پاکستان کی بقاءوسلامتی کیلئے صرف اورصرف ایم کیوایم ہی امید کی آخری کرن ہے،الطاف حسین

## ملک وقوم کو اس بحران سے نکالنے کیلئے پوری قوم کو غیرت وحمیت کا مظاہرہ کرنا ہوگا

## پاکستان چند خاندانوں کی جاگیر نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی ملکیت ہے

## ایم کیوایم کو موقع ملا تو قومی دولت لوٹنے والوں سے ایک ایک پائی کا حساب لیں گے

## ایم کیوایم لاہور زون میں رابطہ کمیٹی کے ارکان اور لاہور زون کے ذمہ داران سے ٹیلی فون پر گفتگو

لندن۔۔۔13،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ملک انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے اور اب پاکستان کی بقاءوسلامتی کیلئے صرف اورصرف ایم کیوایم ہی امید کی آخری کرن ہے۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم لاہور زون میں رابطہ کمیٹی کے ارکان سیف یار خان، افتخار اکبر رندھاوا اور ایم کیوایم لاہور زون کے ارکان سے ٹیلی فون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو لاہور میں تنظیمی امور کی تفصیلات سے بھی آگاہ کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی تباہ کن معاشی صورتحال کے ذمہ دار وہ بڑے بڑے جاگیردار، وڈیرے اور سرمایہ دار ہیں جنہوں نے ناجائز طریقہ سے دولت کمائی، قومی خزانے کے دونوں ہاتھوں سے لوٹا، بنکوں سے قرضے لیکر معاف کرائے اور اپنی جاگیریں بنائیں اور آج بھی یہ مخصوص خاندان قومی دولت کی لوٹ مار میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان مخصوص خاندانوں نے پاکستان کی سیاست اور جمہوریت کو اپنی خاندانی جاگیر بنا رکھا ہے لیکن پاکستان چند خاندانوں کی جاگیر نہیں بلکہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی ملکیت ہے۔ ایم کیوایم کو موقع ملا تو ہم قومی دولت لوٹنے والوں سے ایک ایک پائی کا حساب لیں گے اور لوٹی گئی قومی دولت واپس حاصل کرکے قومی خزانے میں جمع کرائیں گے اور ناجائز دولت سے بنائی گئی جاگیروں پر پاکستان کے عوام کا حق ہوگا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان انتہائی نازک دور سے گزر رہا ہے، ملک میں مہنگائی، غربت اور بے روزگاری میں ہوشربا اضافہ ہو رہا ہے اور ملک وقوم کو اس بحران سے نکالنے کیلئے پوری قوم کو غیرت وحمیت کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ مشکلات، کڑی آزمائشوں، دشواریوں اور امتحانات کا صبر واستقامت سے سامنا کرنا ہوگا کیونکہ عوامی انقلاب کوئی اور نہیں لائے گا بلکہ پاکستان کے عوام کو خود ہی متحد ہوکر عوامی انقلاب لانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اب پاکستان کی بقاءوسلامتی کیلئے صرف اور صرف ایم کیوایم ہی امید کی آخری کرن ہے، ایم کیوایم ملک وقوم کو بحران سے نجات دلانے کیلئے جو عملی کوششیں کر رہی ہے وہ کسی پر احسان نہیں ہے، پاکستان نے ہمیں رہنے کو جگہ اور شناخت دی ہے اور ہم وطن عزیز کا قرض اتار رہے ہیں۔ انہوں نے تمام ذمہ داران پر زور دیا کہ وہ پنجاب میں تنظیمی پیغام کے فروغ کیلئے یہ نہ دیکھیں کہ مرکز ان کی کتنی مدد کرسکتا ہے بلکہ ہر ساتھی یہ سوچے کہ وہ تحریک کی کیا مدد کرسکتا ہے کیونکہ ہمارے اجداد نے تحریک پاکستان چلائی تھی اور اب ہم پاکستان کو بچانے کی تحریک چلا رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ حق پرستانہ جدوجہد کے دوران مخالف قوتوں کے طعنوں پر ہرگز مشتعل نہ ہوں بلکہ ثابت قدمی سے اپنی جدوجہد جاری رکھیں کیونکہ انقلابی مشن اور ملک کی بقاءوسلامتی کے محافظ جب میدان عمل میں آتے ہیں تو انہیں داخلی اور خارجی ملک دشمن قوتوں کی سازشوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور یہ ملک دشمن قوتیں حق پرستی کی جدوجہد کرنے والوں کو مشتعل کرنے کے ہتھکنڈے استعمال کرتی ہیں تاکہ انہیں راہ حق سے ہٹایا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ مختلف مسالک، عقائد اور مذاہب کے لوگوں میں ایک دوسرے کے لئے پیار، محبت اور احترام کا جذبہ پیدا کرنا اور انہیں ایک دوسرے کے عقیدے کے احترام کا درس دینا سب سے بڑی عبادت ہے لہٰذا تمام ذمہ داران اور کارکنان محرم الحرام میں تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام سے ملاقات کرکے ان سے فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کے فروغ کی اپیل کریں اور امن وامان کے قیام کیلئے اپنے اپنے محلوں میں امن کمیٹیاں تشکیل دیں۔ جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب، صوبہ خیبرپختونخوا اور صوبہ بلوچستان میں تنظیم سازی اور ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کے فروغ میں دن رات کام کرنے پر رابطہ کمیٹی کے ارکان افتخار رندھاوا، سیف یار خان، گلفراز خان خٹک، شاہد لطیف، یوسف شاہوانی، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے عہدیداروں اور تمام زونوں کے ذمہ داران کو زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## سانحہ قصبہ وعلی گڑھ میں دہشت گردوں نے سفاکیت، بربریت اور ظلم کا مظاہر کیا، الطاف حسین

## مسلح دہشت گردوں نے جدید ہتھیاروں سے فائرنگ کر کے خواتین اور بچوں سمیت سینکڑوں افراد کا قتل عام کیا

## سانحہ قصبہ وعلی گڑھ کے شہداء کی 24ویں برسی کے موقع پر بیان، الطاف حسین کا شہداء کو زبردست خراج عقیدت

لندن۔۔۔13، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سانحہ قصبہ وعلی گڑھ کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا ہے اور کہا ہے کہ حق پرست شہداء کا لہو ایک دن ضرور رنگ لائے گا اور حق پرستی کی تحریک کامیابی سے ہمکنار ہوگی۔ 14، دسمبر 1986ء سانحہ قصبہ وعلی گڑھ کے شہداء کی 24ویں برسی کے موقع پر اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک میں دیگر سانحات کی طرح سانحہ قصبہ وعلی گڑھ بھی ملک کی تاریخ کا سیاہ باب ہے اور اس دن جس بربریت اور ظلم کا مظاہرہ کیا گیا اس نے انسانیت کے سر بھی شرم سے جھکا دیئے۔ انہوں نے کہا کہ 14 دسمبر 1986ء کے دن سفاک اور مسلح دہشت گردوں نے قصبہ وعلی گڑھ کالونی پر مسلح حملہ کیا اور گھنٹوں جدید ہتھیاروں کا آزادانہ استعمال کر کے خواتین اور بچوں سمیت 600 سے زائد افراد کا وحشیانہ قتل عالم کیا، انہیں آگ میں زندہ جلا دیا گیا، گھروں کو آگ لگا دی گئی لیکن کئی گھنٹوں کی اس وحشیانہ کارروائی کے دوران بھی قانون نافذ کرنے والے ادارے مظلوم عوام کو تحفظ فراہم نہ کر سکے اور آج بھی سانحہ کے ذمہ دار محفوظ ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ سانحہ قصبہ وعلی گڑھ کے شہداء کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہداء کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا کہ سانحہ قصبہ و علی گڑھ کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے اور اس ملوث سفاک دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو عبرتناک سزائیں دیکر سانحہ کے متاثرین کو انصاف کی فراہم کیا جائے۔

## فیصل آباد کے صنعتی علاقے کو گیس کی فراہمی فی الفور بحال کی جائے۔ الطاف حسین

## فیصل آباد ملک کا ایک انتہائی اہم صنعتی شہر ہے مگر وہاں گزشتہ پانچ روز سے گیس کی فراہمی بند ہے جس کی وجہ سے وہاں کا صنعتی و پیداواری عمل معطل ہے اور فیکٹریاں بند ہونے سے ہزاروں محنت کش بھی بیروزگار ہو رہے ہیں

## فیصل آباد کے صنعتکاروں، تاجروں اور محنت کشوں سے الطاف حسین کا مکمل اظہار یکجہتی

لندن۔۔۔13 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ پنجاب خصوصاً فیصل آباد کو گیس کی فراہمی معطل کئے جانے کی شدید مذمت کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فیصل آباد انڈسٹریل ایریا کو گیس کی فراہمی فی الفور بحال کی جائے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ فیصل آباد ملک کا ایک انتہائی اہم صنعتی شہر ہے مگر اس شہر کے صنعتی علاقے کو گزشتہ پانچ روز سے گیس کی فراہمی بند ہے جس کی وجہ سے وہاں کا صنعتی و پیداواری عمل معطل ہے اور فیکٹریاں بند ہونے سے صنعتوں سے وابستہ ہزاروں محنت کش بھی بیروزگار ہو رہے ہیں۔ جناب الطاف حسین نے فیصل آباد کے صنعتکاروں، تاجروں اور محنت کشوں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے مطالبہ کیا کہ فیصل آباد کے صنعتی علاقوں کو گیس کی فراہمی فی الفور بحال کی جائے۔

## پرنس کریم آغا خان کے 74ویں جنم دن پر الطاف حسین کی مبارکباد

## پاکستان کی ترقی کیلئے آغا خانی کمیونٹی کا کردار مثالی ہے

## آغا خانی کمیونٹی پرنس کریم آغا خان کی صحت وتندرستی کے ساتھ پاکستان کی ترقی وخوشحالی کیلئے بھی خصوصی دعائیں کریں

لندن۔۔۔13، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے آغا خانی کمیونٹی کے روحانی پیشوا پرنس کریم آغا خان کے جنم دن پر پرنس کریم آغا خان اور آغا خانی کمیونٹی کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے پرنس کریم آغا خان کی 74ویں سالگرہ پر ایم کیو ایم کے تمام رہنماؤں، کارکنوں اور ہمدردوں کی جانب سے آغا خانی کمیونٹی کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی ترقی کیلئے آغا خانی کمیونٹی کا کردار مثالی ہے۔ انہوں نے آغا خانی کمیونٹی سے اپیل کی کہ وہ پرنس کریم آغا خان کی صحت وتندرستی کے ساتھ ساتھ پاکستان کی بقاء وسلامتی اور ترقی وخوشحالی کیلئے بھی خصوصی دعائیں کریں۔

## متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے ارکان کا ہنگامی اجلاس

## ایم کیوایم کا وفد 10 محرم کے بعد صدرمملکت اوروزیراعظم سے ملاقات کرکے اشتعال انگیز بیان کی DVD پیش کرے گا

## ایسے وقت میں جبکہ ایم کیوایم محرم الحرام کے سلسلے میں اتحاد بین المسلمین، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اورامن وامان کے قیام کیلئے دن رات مصروف ہیں، صوبائی وزیرداخلہ کی جانب سے متعصّبانہ تقریر کرنا معنی خیز ہے

## صوبائی وزیرداخلہ کی اشتعال انگیز تقریر کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے، صدراوروزیراعظم سے مطالبہ

لندن۔۔۔13، دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان اورلندن کے ارکان کا ہنگامی اجلاس پیر کے روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآباد میں ہوا۔ اجلاس میں صوبائی وزیرداخلہ سندھ ذوالفقارمرزا کی اشتعال انگیز تقریر پرغوروخوض کیا گیااوراس پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں متفقہ طور پر طے کیا گیا کہ دس محرم الحرام کے بعدایم کیوایم کا نمائندہ وفد صدرمملکت جناب آصف علی زرداری اوروزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے ملاقات کرے گا اورانہیں صوبائی وزیرداخلہ ذوالفقارمرزا کے اشتعال انگیز تقریر کی ڈی وی ڈی پیش کرکے ایم کیوایم کی تشویش سے آگاہ کرے گا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ ایسے وقت میں جبکہ ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی، منتخب نمائندگان، ذمہ داران اورکارکنان محرم الحرام کے سلسلے میں اتحاد بین المسلمین، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اورامن وامان کے قیام کیلئے دن رات مصروف ہیں، صوبائی وزیرداخلہ کی جانب سے متعصّبانہ اوراشتعال انگیز تقریر کرنا نہ صرف تشویشناک ہے بلکہ معنی خیز بھی ہے۔ اجلاس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے صدرآصف علی زرداری اوروزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے پرزورمطالبہ کیا کہ ایم کیوایم کے خلاف صوبائی وزیرداخلہ کی اشتعال انگیز تقریر کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور بلا جواز اشتعال انگیز تقریر پرصوبائی وزیرداخلہ سے بازپرس کی جائے۔ رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے منتخب نمائندوں اورتنظیمی ذمہ داران کوہدایت کی کہ وہ صوبائی وزیرداخلہ کے اشتعال انگیز بیان پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہتے ہوئے محرم الحرام میں اتحاد بین المسلمین اورامن وامان کی صورتحال برقراررکھنے کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کریں۔

## اسکول وین کونشانہ بناکر دہشت گردوں نے اپنی سفاکیت اوربربریت کا کھلا مظاہرہ کیا ہے، الطاف حسین

## دھماکے میں اسکول وین کے ڈرائیورسمیت بچی کی شہادت اورایک بچے کے زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔13، دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے لنڈی ارباب میں بم دھماکہ کرکے اسکول کی وین کونشانہ بنانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورکہا کہ بم دھماکے کے ذریعے اسکول وین کونشانہ بنانے والے دہشت گرد ی انسانیت کے دشمن ہیں۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسکول وین کونشانہ بناکر دہشت گردوں نے اپنی سفاکیت اور بربریت کا کھلا مظاہرہ کیا ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کا کوئی دین اورایمان نہیں ہے اوروہ صرف درندگی پر یقین رکھتے ہیں اوردہشت گردی کی کھلی کارروائیاں کرکے ملک وقوم کوعدم استحکام سے دوچار کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے بم دھماکے میں اسکول وین کے ڈرائیوراورایک بچی کی شہادت پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا اورزخمی بچے کی جلد وکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اوروفاقی وزیرداخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ پشاور کے علاقے لنڈی ارباب میں بم دھماکے کے ذریعے اسکول کی وین کونشانہ بنانے سختی سے نوٹس لیا جائے، دہشت گردوں کی سرکوبی کیلئے تمام ملکی وسائل اورذرائع استعمال کئے جائیں اورعوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ہرممکن اورٹھوس اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

## حق پرست سینیٹر احمد علی کی والدہ محترمہ سردار جہاں بیگم کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔13، دسمبر2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست سینیٹر احمد علی کی والدہ محترمہ سردار جہاں بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو کروٹ کروٹ اپنی جواررحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسینیٹر احمد علی سمیت مرحومہ کے تمام سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## ڈیرہ غازی خان میں غیرت کے نام پر خورشید بی بی اور نادرہ بی بی کے بہیمانہ قتل میں ملوث تمام سفاک قاتلوں کو گرفتار کر کے سخت سزا دی جائے، رابطہ کمیٹی

## ملک کے منتخب ایوانوں میں خواتین کے حقوق کے تحفظ پر قانون سازی ہونے کے باوجود خواتین کے

## قتل کی بڑھتی ہوئی وارداتیں فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کا شاخسانہ ہیں

## جب تک فرسودہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر نہیں پھینکا جاتا خواتین کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی نہیں بنایا جا سکتا

کراچی۔۔۔13، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ڈیرہ غازی خان میں غیرت کے نام پر دو خواتین خورشید بی بی اور اس کی ماموں زاد بہن نادرہ بی بی کے بہیمانہ قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور کہا ہے کہ سفاکانہ قتل کی یہ واردات خواتین کے بنیادی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے باعث خواتین کے بنیادی حقوق کا بری طرح سے استحصال کیا جا رہا ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک کے منتخب ایوانوں میں کاروکاری، ونی، غیرت کے نام پر قتل کے خلاف قانون سازی ہونے کے باوجود خواتین کے بہیمانہ قتل کی بڑھتی ہوئی وارداتیں ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سرادارانہ نظام کا شاخسانہ ہیں اور جب تک اس فرسودہ نظام کو جڑ سے اکھاڑ کر نہیں پھینکا جاتا خواتین کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی نہیں بنایا جا سکتا۔رابطہ کمیٹی نے گورنر پنجاب سلمان تاثیر اور وزیر اعلیٰ پنجاب شہباز شریف سے مطالبہ کیا کہ ڈیرہ غازی خان میں غیرت کے نام پر خورشید بی بی اور اس کی ماموں زاد بہن نادرہ بی بی کے سفاکانہ قتل کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث تمام عناصر کو گرفتار کر کے آئین و قانون کے مطابق سخت سے سخت ترین سزا دی جائے۔رابطہ کمیٹی نے مقتولہ خورشید بی بی اور نادرہ بی بی کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار بھی کیا۔

## ریاست جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیر عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق ہی ہوگا، شاہد لطیف، گلفر از خان خٹک

## آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم میرپور کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

میرپور۔۔۔13، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف اور گلفر از خان خٹک نے کہا ہے کہ ریاست جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیری عوام کی خواہشات اور امنگوں کے مطابق ہی ہوگا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم میرپور کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔جنرل ورکرز اجلاس سے افتخار کھوکھر اور زونل انچارج عاصم جنجوعہ نے بھی خطاب جبکہ اس موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر، صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج محمد اسلم آفریدی اور رکن محمد رفیق بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیو ایم روایتی سیاسی جماعتوں سے مختلف ہے اور حق پرستی کا پرچم اٹھا کر ملک بھر کے 98 فیصد مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد کر رہی ہے جبکہ دوسری جانب نام نہاد سیاسی جماعتوں میں موروثی سیاست حاوی ہے اور الیکشن میں پارٹی کارکنان کو نامزد کرنے کے بجائے بھاری پیسوں کے عیوض ٹکٹ فروخت کئے جاتے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیو ایم کے ساتھ ملک بھر کے مظلوم عوام ہیں اور حقوق سے محروم یہ مظلوم عوام حقیقی معنوں میں پاکستان کی ترقی میں اپنا خون پسینہ بہا رہے ہیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک بھر کے مظلوم عوام کو حق حکمرانی دلانا کی عملی جدوجہد کر رہے ہیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ملک میں فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام سے نجات کا واحد راستہ ایم کیو ایم کے حق پرستی کے پرچم کو تھامنے میں ہیں اور ایم کیو ایم کی جدوجہد جس دن اپنی منزل پر پہنچی اس دن ملک مضبوط ہوگا اور بلکہ حقیقی جمہوریت اور بنیادی حقوق بھی مظلوم عوام کو حاصل ہوں گے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم کا حق پرستانہ پیغام کراچی سے لیکر خیبر تک فروغ پا چکا ہے اور آزاد کشمیر میں ایم کیو ایم کی مقبولیت میں اضافہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کی سچائی کا بین ثبوت ہے۔شاہد لطیف اور گلفر از خان خٹک نے کارکنان پر زور دیا کہ وہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر و فلسفہ اور نظریئے کے فروغ کیلئے اپنی تمام صلاحتیں استعمال میں لائیں اور حق پرستی کے پیغام کو گھر گھر تک پہنچائیں۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد، حق پرست وزراء، ارکان قومی اسمبلی کی محرم الحرام کی مختلف مجالس میں شرکت منتظمین سے ملاقاتیں، بلدیاتی انتظامات کی تفصیلات معلوم کیں

کراچی۔۔۔13، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد نے محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے اسلامک ریسرچ سینٹر واقع عائشہ منزل میں ہونے والی مجلس میں شرکت کی۔اس موقع پر حق پرست صوبائی وزیر خالد بن ولایت، حق پرست ارکان قومی اسمبلی حیدر عباس رضوی، سفیان یوسف، ایم کیوایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد اوراراکین بھی موجود تھے۔انہوں نے محفل شاہ خراساں کا تفصیلی دورہ کیا اور منتظمین سے ملاقات کی۔ڈاکٹر صغیر احمد نے محفل شاہ خراساں کے منتظمین سے جلوسوں گزرگاہوں شہری انتظامیہ کی جانب سے کئے گئے انتظامات کی تفصیلات معلوم کیں جس پر منتظمین نے بلدیاتی انتظامیہ کے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کیا۔بعدازاں انہوں نے عزاء خانہ زہرہ میں سیدالشہداء حضرت امام حسینؑ کی مجلس میں شرکت کی۔مجلس علامہ حسن ظفر نقوی نے پڑھی۔

## عوام میں مسلک اورفقہہ کی بنیاد پرکوئی تضادنہیں ہے،محرم الحرام میں ایک دوسرے کے مسالک اور عقائدکا احترام کیاجائے، علامہ شبیہ رضازیدی،مفتی منیب الرحمٰن

## محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کی علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے

کراچی۔۔۔13، دسمبر 2010ء

محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے متحدہ قومی موومنٹ کی جانب سے مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں گزشتہ روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور رضا ہارون نے معروف عالم دین علامہ شبیہ رضا زیدی اورممتاز عالم دین مفتی منیب الرحمٰن سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اورمحرم الحرام میں قیام امن کیلئے اپنا بھرپور کردارادا کرنے کی اپیل کی۔اس موقع پرحق پرست رکن سندھ اسمبلی امام الدین شہزاد ، ایم کیوایم علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد، اراکین انور رضا اورمحمد ناصر یامین بھی موجود تھے۔ملاقات میں علامہ شبیہ رضا زیدی اور مفتی منیب الرحمٰن نے رابطہ کمیٹی کے ارکان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تمام مسالک اورفقہوں سے تعلق رکھنے والے عوام میں مسلک اورفقہہ کی بنیاد پرکوئی تضادنہیں ہے اورانہیں آپس میں لڑانے کا عمل کرنے والے اسلامی تعلیمات کے خلاف عمل پیراہیں۔انہوں نے کہا کہ فرقہ واریت کے خاتمے اورتمام مسالک کے درمیان فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے جناب الطاف حسین کی عملی کوششیں مثالی ہیں ۔انہوں نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران اپنے درمیان پیار، محبت، اخوت اور بھائی چارے کی فضا کو برقرار رکھیں اورکسی بھی اشتعال انگیز واقعہ پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اورفرقہ واریت پھیلانے والوں کی تمام سازشوں کوایک مرتبہ پھراپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔ملاقات میں علمائے کرام نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمراورصحت وتندرستی کیلئے خصوصی دعابھی کی۔کراچی کی طرح اندرون سندھ، صوبہ پنجاب، بلوچستان، خیبرپختونخواہ، آزادکشمیراورگلگت بلتستان میں بھی قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرمحرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے ایم کیوایم کے رہنماؤں اورذمہ داروں کی جانب سے تمام مکاتب فکر کے علمائے کرام، مساجدوامام بارگاہوں کی انجمنوں کے عہدیداران سے ملاقاتوں کا سلسلہ جاری ہے۔

## ایم کیوایم ڈیرہ غازی خان ڈسٹرکٹ کے انچارج واراکین نے غیرت کے نام پرقتل ہونے والی لڑکیوں کی رہائشگاہ جاکرتعزیت کا اظہار کیا مقتول لڑکیوں کی تجہیزوتکفین کیلئے قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے والدین کو10ہزارروپے کاعطیہ دیا

ڈیرہ غازی خان۔۔۔13، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ ڈیرہ غازی خان ڈسٹرکٹ کے ڈسٹرکٹ انچارج اظہار الحق، اراکین مرزاجمیل اورسید ضیغم عباس نقوی نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر غیرت کے نام پرقتل والی لڑکیوں خورشید بی بی اورنادرہ بی بی کی رہائشگاہ واقع گاؤں پیرعادل جاکرمقتول لڑکیوں کے والدین اوردیگرعزیزواقارب سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے مقتول لڑکیوں کی تجہیزوتکفین کیلئے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سوگواران کودس ہزارروپے کا عطیہ بھی دیا اورانہیں سفاک ملزمان کی گرفتاری کیلئے ایم کیوایم کی جانب سے ہرممکن تعاون کا یقین دلایا۔انہوں نے قائدتحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مقتول لڑکیوں کے تمام سوگواران سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اوران کی مغفرت کیلئے دعا بھی کی۔اس موقع پرمقتول لڑکیوں کے والدین نے غم اوردکھ کی گھڑی میں ساتھ دینے پر قائدتحریک جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا۔

## ایم کیوایم گجرانوالہ زون اور ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران کی معصوم اسماویہ کی رہائشگاہ جاکرلواحقین سے تعزیت

گجرانوالہ۔۔۔13، دسمبر 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خصوصی ہدایت پر ایم کیوایم گوجرانوالہ زون اور ڈسٹرکٹ کے ذمہ داران وکارکنان نے زیادتی کے بعد قتل کی جانے والی مغوی بچی اسماویہ کی رہائشگاہ جاکرلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیااور سوگواران کو صبر جمیل کی تلقین کی۔ملاقات میں ایم کیوایم کے ذمہ داران نے مقتولہ اسماویہ کے سوگوارلواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ جس بے دردی سے ظالموں نے معصوم اسماویہ کو قتل کیا ہے اس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے معصوم اسماویہ کے لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیااور انہیں صبر جمیل کی تلقین کی۔اس موقع پر انہوں نے معصوم اسماویہ کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعابھی کی۔

## قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدرعباس رضوی کی میر جمیل الرحمٰن کی رہائشگاہ جاکر تعزیت
## تدفین میں ایم کیوایم پنجاب اپر زون کے انچارج زاہد ملک اور اراکین کی شرکت

راولپنڈی۔۔۔13، دسمبر 2010ء

قومی اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر حیدرعباس رضوی نے جنگ گروپ کے بانی میر خلیل الرحمٰن کے چھوٹے بھائی میر جمیل الرحمٰن کے انتقال پر مرحوم کی رہائشگاہ واقع G-6/4 جاکر سوگواران سے دلی تعزیت کا اظہار کیا۔حیدرعباس رضوی نے مرحوم کے صاحبزادوں سے ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا تعزیتی پیغام پہنچایا۔اس موقع پر انہوں نے میر جمیل الرحمٰن کے ایصال ثواب کیلئے دعا بھی کی۔دریں اثناء میر جمیل الرحمٰن مرحوم کو مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم اپر پنجاب راولپنڈی زون کے انچارج زاہد ملک اور اراکین نے شرکت کی۔اس موقع پر انہوں نے مرحوم کے سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیااور انہیں صبر کی تلقین کی۔

## بزنس ریکارڈ کے بانی ایڈیٹرانچیف ایم اے زبیری کی تدفین میں حق پرست وفاقی وزیر بابر غوری، ارکان قومی وصوبائی اسمبلی کی شرکت

کراچی۔۔۔13، دسمبر 2010ء

بزنس ریکارڈ اخبار کے بانی وایڈیٹرانچیف ایم اے زبیری مقامی قبرستان میں سپرد خاک کردیا گیا۔مرحوم کی نماز جنازہ زمہ زمہ پارک کی مسجد میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست وفاقی وزیر بابرخان غوری، رکن قومی اسمبلی وسیم اختر، حق پرست رکن سندھ اسمبلی مقیم عالم، ڈی سی آرسی کے اراکین، ایم کیوایم ڈیفنس کلفٹن ریذیڈنٹ کمیٹی کے اراکین، سیکٹر و یونٹوں کے ذمہ دارا، کارکنان، ہمدردوں، صحافیوں اور دیگر سیاسی، سماجی رہنماؤں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔

☆☆☆☆☆